© rasailojaraid.com

# دینی معاشرت کی پکار

فرزانہ چیمہ ○

مولانا مودودیؒ بلاشبہہ عصر حاضر کے ان عظیم مفکرین میں سے تھے، جنھوں نے اپنی فکر، اپنی سوچ، اپنی تحریر اور اپنی قیادت سے نوجوان طبقے کو خدمت اسلام کے لیے سب سے زیادہ متاثر و متحرک کیا۔ آج مسلم دنیا میں جہاں کہیں اسلامی تحریک کا احیا ہے یا وہ فعال طور پر سرگرم کار ہے، تو وہ کسی نہ کسی صورت میں سید مودودیؒ ہی کے پیغام و تحریک کا پرتو ہے۔ جہاں جہاں کفر و شرک کے جور و استبداد کے خلاف جہاد کا علم بلند ہے، وہاں وہاں بالواسطہ یا بلاواسطہ سید مودودیؒ ہی کی فکر و تحریک کام کر رہی ہے۔

سید محترمؒ محض کتابی دنیا کے انسان نہیں تھے، نہ وہ محض دھیمے لہجے میں تقریر کرنے والے گفتار کے غازی ہی تھے۔ انھوں نے قلم، کتاب اور خطاب سے بھرپور رشتہ جوڑنے کے ساتھ ساتھ ان افکار و خیالات اور فلسفۂ اسلامی کو عملی طور پر ایک تحریک کی صورت میں برپا کر کے دنیا کو دکھا دیا کہ اسلامی فکر کے نتیجے میں صدیوں پہلے کی طرح آج بھی ایک اسلامی معاشرہ، ایک اسلامی ریاست وجود میں آسکتی ہے۔

بلاشبہہ سید مودودیؒ کے لٹریچر اور ان کی قائم کردہ جماعت اسلامی نے ملک و ملت کے سیاسی، معاشرتی اور علمی و فکری محاذ پر مثبت اثرات ڈالے ہیں اور وطن عزیز کے ہر طبقے کو متاثر کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ طالب علموں سے لے کر اساتذہ، ڈاکٹر، کسان، محنت کش، تاجر، سیاسی رہنما، صحافی، خواتین، طالبات حتیٰ کہ بچوں تک میں جماعت کے ہم خیال حلقے بحسن و خوبی کام کر رہے ہیں۔ ان میں سے

---

○ نگران، صفہ ماڈل سکول، لاہور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


ہر حلقے کے رکن، متفق یا حامی یہی سمجھتے ہیں کہ مولانا مودودی مرحوم نے انھیں دین کی لگن، سمجھ اور عمل کرنے کا ماحول فراہم کر کے ان پر کتنا بڑا احسان کیا ہے۔ یہ سب اپنی حد تک بجا ہے اور بہت خوب ہے لیکن میرے نزدیک ایک مسلمان عورت کو اس کی گم شدہ منزل کی راہ دکھا کر سید صاحب نے عظیم ترین کارنامہ انجام دیا ہے۔ اس لیے کہ عورت اپنے گھر ہی کو نہیں، بلکہ پوری قوم کو بگاڑ سکتی ہے اور خالق دو جہاں نے اس سب کو سنوارنے کی بھی اس میں بدرجۂ اتم صلاحیت رکھی ہے۔ اسی لیے پاک باز بیوی کو سب سے بڑی نعمت کہا گیا ہے۔

مولانا مودودیؒ، عورت کے کردار کی اس اہمیّت کو پوری طرح سمجھتے تھے۔ چنانچہ تحریک اسلامی میں خواتین کے کردار سے متعلق ایک مرتبہ انھوں نے فرمایا: ''بہنو! ہمارے اس کام میں عورتوں کی شرکت اور تعاون کی اتنی ہی ضرورت ہے جتنی مردوں کی شرکت اور تعاون کی ہے۔ انسانی زندگی میں آپ برابر کی حصے دار ہیں اور زندگی کے جو پہلو آپ سے تعلق رکھتے ہیں، وہ ان پہلوؤں سے کسی طرح بھی اہمیّت میں کم نہیں جو مردوں سے تعلق رکھتے ہیں--- یہ ایک ایسی حقیقت ہے جس کی بنا پر ہر اجتماعی تحریک، عورتوں کی شرکت اور تعاون کو اہمیّت دینے پر مجبور ہے۔ مگر خصوصیّت کے ساتھ اسلامی تحریک تو اس کو بہت ہی زیادہ اہمیّت دیتی ہے۔ اس کی ایک وجہ تو یہی ہے کہ اسلام ٹھیک خدا کی بنائی ہوئی ساخت کے مطابق انسانی زندگی کا نظام درست کرنا چاہتا ہے۔ جس کے لیے عورتوں کا درست ہونا اتنا ہی ضروری ہے جتنا مردوں کا درست ہونا، لیکن اس سے بھی بڑھ کر دوسری وجہ یہ ہے کہ اسلام جس خدا کی بندگی کی طرف بلاتا ہے وہ عورتوں کا بھی ویسا ہی خدا ہے جیسا مردوں کا ہے۔ وہ جس دین کو حق کہتا ہے وہ عورتوں کے لیے بھی ویسا ہی حق ہے۔ جس نجات کو مقصود قرار دیتا ہے اس کی ضرورت عورتوں کے لیے بھی اتنی ہی ضروری ہے جتنی مردوں کے لیے ہے۔ اور جس جنت کی امید دلاتا ہے وہ عورتوں کو بھی اپنی ہی کوشش سے مل سکتی ہے جس طرح مردوں کو اپنی کوشش سے...... اسلام کا تقاضا ہے کہ عورتوں اور مردوں کو یکساں اپنی اپنی نجات کی فکر ہو، ہر ایک دل و جان سے وہ خدمات بجالائے جو اسے خدا کی سزا سے بچائے اور اس کے انعام کا مستحق بنائے ...... اس وقت عورتوں کے کرنے کا اصل کام یہ ہے کہ وہ اپنے گھروں کو، اپنے خاندان اور اپنے ہمسائیوں اور اپنے ملنے جلنے والوں کے گھروں کو شرک و جاہلیّت اور فسق سے پاک کرنے کی کوشش کریں۔ گھروں کی معاشرت کو اسلامی بنائیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


پرانی اور نئی جاہلیتوں کے اثرات سے خود بچیں اور دوسرے گھروں کو بچائیں۔ ان پڑھ اور نیم خواندہ عورتوں میں دین کی روشنی پھیلائیں۔ تعلیم یافتہ خواتین کے خیالات کی اصلاح کریں۔ خوش حال گھروں میں خدا سے غفلت اور اصول اسلام سے انحراف کی جو بیماریاں پھیلی ہوئی ہیں ان کو روکیں۔ اپنی اولاد کو اسلام پر اٹھائیں۔ اپنے گھروں کے مردوں کو، اگر وہ فسق اور بے دینی میں مبتلا ہوں، راہ راست پر لانے کی کوشش کریں، اور اگر وہ اسلام کی راہ میں کوئی خدمت کر رہے ہیں تو اپنی رفاقت اور معاونت سے ان کا ہاتھ بٹائیں"۔ (خطاب اپریل ۱۹۴۷ء روداد جماعت اسلامی، ح ۵، ص ۱۰۷)

جماعت اسلامی حلقہ خواتین کی پوری تاریخ گواہ ہے کہ خواتین نے مولانا مودودیؒ کی ان ہدایات پر اس طرح لبیک کہا کہ ان کی زندگیاں، ان کی دوستیاں، ان کا رہن سہن، ان کے سماجی تعلقات کی دنیا، سبھی کچھ بدل کر اسلام کے سانچے میں ڈھل گئے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ خواتین نے مولانا کے لٹریچر سے اور ان کی قیادت سے ایسے ایسے زرّیں اصول اخذ کیے کہ نہ صرف ان کے اپنے اندر کی دنیا جگمگا اُٹھی، بلکہ اس روشنی سے انھوں نے اپنے اپنے ماحول اور اپنے اپنے حلقہ اثر کو بھی منور کرنے کی اپنی سی پوری کوشش کی۔ جماعت کے حلقہ خواتین میں شامل ہو کر نسلی مسلم خواتین نے شعوری طور پر اسلام کو اس لگن اور جذبے سے قبول کیا، کہ نمازوں میں لطف آنے لگا، قرآن پاک کی تلاوت کے کچھ اور ہی مفاہیم آشکارا ہونے لگے۔ ایثار اور قربانی کے جذبے کی آبیاری اس طرح کی، کہ 'پہلے آپ' کا زریں اصول یہیں پر جانا اور برتنا دیکھنے کو ملا۔ اللہ کے لیے دوستی اور اللہ کے لیے دشمنی خود بخود پیدا ہوتی گئی۔ چنانچہ غیر دین دار رشتہ دار دلی محبّت میں دوسرے درجے پر چلے گئے، لیکن غیر، مگر دین دار لوگ دلی محبّت کے حق دار ٹھیرے۔ اس طرح مولانا مودودیؒ نے مردوں، عورتوں، بچوں، بوڑھوں اور خاندانوں کو ایک دینی معاشرت کی طرف نہ صرف بلایا، بلکہ ایک شفیق اور خلیق معاشرت بھی تشکیل دے کر دکھا دی۔

ان پڑھ خواتین نے ایک دینی جذبے سے اردو لکھنا پڑھنا شروع کیا، اور پھر وہ وقت بھی آیا کہ تفہیم القرآن پوری پڑھ ڈالی۔ مولانا محترم کا لٹریچر پڑھنے کے ساتھ ساتھ ذہن نشین بھی کر لیا۔ یہ اللہ کے دین کو سمجھنے اور سمجھانے کی ایک انوکھی لگن تھی، کہ جو شروع ہوئی۔

چند بنیادی ارکان خواتین جہاں بھی گئیں، دین اسلام کی دعوت و تبلیغ کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنا لیا۔ ان عظیم دین دار خواتین میں: محترمہ حمیدہ بیگم، بیگم سید مودودی، بیگم انوار اصلاحی، بیگم ملک غلام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علی، اُمِ زبیر، زبیدہ بلوچ، بلقیس صوفی، نیر بانو، بیگم طفیل محمد، بیگم نصراللہ خان عزیز، مجتبیٰ مینا، بیگم زہرہ وحید وغیرہ، یہ سب جماعت اسلامی کے ابتدائی دور کی تحریکی خواتین تھیں۔ ان میں بعض رکن نہیں تھیں، لیکن دعوتِ دین کے کام میں ارکان خواتین کے شانہ بشانہ تھیں۔ اس طرح کارواں بنتا چلا گیا اور حلقۂ خواتین پھیلتا چلا گیا۔ حق تعالیٰ کی یہ بات کتنی وسیع ہے: وہ اس کھیتی کی طرح ہے جس نے اپنی [باریک سی] سوئی نکالی۔ پھر اس نے اسے قوی کیا۔ پھر وہ کھیتی اور موٹی (سرسبز و شاداب) ہوئی۔ پھر اپنے اپنے تنے پر مضبوطی سے کھڑی ہو گئی، تاکہ کسانوں کو بھلی لگے [ان کے لیے خوش منظر ہو اور کافروں کو جلائے کہ اس کی شادابی ان کی امنگوں کے لیے پیغام موت ہے]۔

حلقۂ خواتین جہاں جہاں بھی کام کر کے اخلاص کے بیج ڈالتا گیا، وہاں وہاں اخلاص و وفا کی لہلہاتی فصلیں دنوں میں اُگ آئیں اور بہار بن کر دیکھنے سننے والوں کو مسحور کرتی گئیں۔ لاہور میں آپا جی محمدی بیگم کا گھر ۱۹۹ شاد باغ، ملتان میں آپا جی صغریٰ کا مسکن ۸۵ حسن پروانہ روڈ، سیالکوٹ میں آپا جی نیر بانو کا بیت المسلم، کراچی میں آپا جی ام زبیر اور آپا جی بلقیس صوفی کے گھر، ڈھاکہ میں محترمہ لمعت النور صاحبہ کی قیام گاہ -- اور نہ جانے کون کون سے خوش بخت گھرانوں کی خواتین تھیں۔ یہ سب گویا حلقۂ خواتین کے ہیڈ کوارٹر تھے۔ ہر موقع پر ہنگامی صورت حال میں اور پھر معمول کے دنوں میں، غرض ہمیشہ ہی ان گھروں کے دروازے عام خواتین کے لیے کھلے رہتے اور ان کے مکینوں کے چہرے محبت و اخلاص سے کِھلے رہتے۔ ذیلدار پارک اچھرہ میں مولانا محترم کا گھر تو دین کی راہوں پر چلنے والی خواتین کے لیے گویا دوسرا میکہ تھا، بلکہ اس سے بھی بڑھ کر۔ کیونکہ میکے میں تو کچھ دوسرے خوشگوار اور ناخوشگوار موضوع بھی زیر بحث آتے ہیں، لیکن یہ میکہ تو آخرت کے گھر تک کامیابی کا راستہ بتانے والا تھا۔ ہر مسئلے کے حل کے لیے اور ہر تربیتی موقع پر خواتین نہایت اعتماد اور اپنائیت سے بیگم محمودہ مودودیؒ کے توسط سے مولانا محترم سے رہنمائی لیا کرتیں۔

خواتین نے سماجی زندگی میں ایک نئے کلچر کو اختیار کیا۔ کپڑوں اور جوڑوں کے تبادلے یا ان کے رنگوں کے مقابلے اور امارت کی دھونس کے بجائے زندگی گزارنے اور رہنمائی حاصل کرنے کے لیے دینی کتب اور بچوں کے لیے اصلاحی لٹریچر کے تحفے دینے کا کلچر عام ہوا۔ مجھے مردوں کے حوالے سے تو علم نہیں، تاہم خواتین کارکنان کے حوالے سے معلوم ہے کہ ان کے وسائل کا ایک بڑا حصہ ذاتی سطح پر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کتب خرید خرید کر لوگوں کو تحفے میں دینے میں صرف ہوتا ہے۔ خطبات، دینیات، ترجمہ قرآن، تفہیم القرآن اور محمد یوسف اصلاحی صاحب کی آدابِ زندگی کو پڑھنے اور اسے تقسیم کرنے کا ایک شوق ہے کہ جو کبھی کم نہیں ہوتا۔ کیا کسی اور صوفی یا مذہبی حلقے میں بھی ایسی سرگرمی اور اتنے بڑے پیمانے پر دیکھنے میں آتی ہے؟--- یہ سب سید مودودیؒ کی اس فکر کا نتیجہ ہے کہ دین اور اصلاح کی راہوں میں عورت رہنمائی کا ایک طاقت ور ذریعہ ہے، مگر افسوس کہ اس خدمت کا ادراک کم لوگوں کو ہے۔

حلقہ خواتین کے قیام کے تقریباً ۲۸ برس بعد [ستمبر ۱۹۶۹ء میں] اسلامی جمعیت طالبات کا وجود عمل میں آیا، جس کی پہلی ناظمہ اعلیٰ محترمہ شکورہ آفتاب اور پہلی ناظمہ صوبہ پنجاب ڈاکٹر اُمِ کلثوم تھیں۔ یوں خواتین کے ساتھ ساتھ پڑھی لکھی طالبات بھی فکروفہمِ اسلام کا گراں قدر سرمایہ سمیٹتی رہیں اور دوسروں کو بھی اس صراطِ مستقیم پر لانے کے لیے دل و جان سے کوشاں رہیں۔

یہ اسلام کے صحیح فکروفہم اور اس سے محبت ہی کی کرشمہ سازی ہے، کہ سیدھی سادی خواتین رزق حرام وحلال کے بارے میں سخت حساس ہوگئیں، اور ہر میدان میں ان کی کارکردگی نمایاں ہوتی گئی۔ تحریری محاذ، سیاسی محاذ، خدمتِ خلق، تعلیم وتربیت، غرض کہیں بھی تو انھوں نے مایوسی، کم ہمتی، بے چارگی کو پاس نہیں پھٹکنے دیا۔ تحریری میدان میں پہلے ماہنامہ عفت پھر ماہنامہ بتول اور بچوں کے لیے ماہنامہ نور کا اجرا کیا۔ 'ادب برائے زندگی اور زندگی برائے بندگی رب' کی خوب صورت اور مستقل بنیاد پر قلم کار خواتین کو تلاش کیا۔ ان کی حوصلہ افزائی کی اور یوں اباحیت پسند اور لادینی ادب کے آگے ایک بند باندھنے کی کوشش کی۔ سیاسی میدان میں بھی گھر گھر جا کر رائے عامہ کو ہموار کرنا، صحیح اور غلط کی پہچان کروانا اور پولنگ کے دن بیلٹ بکس کی حفاظت اپنی جان سے بڑھ کر کرنا، یہ سب حلقہ خواتین کا حیرتوں میں گم کر دینے والا باب ہے۔ جماعت اسلامی نصف صدی سے زائد کا سفر طے کر چکی ہے۔ دین اسلام اور اسوہ رسولؐ میں ایسی ازلی جاذبیت ہے کہ جو کوئی اس راستے پر چل نکلا اس کی دنیا ہی بدل گئی۔ خصوصاً خواتین کے حصے میں یہ نعمت بھی آئی کہ جہاں انھوں نے بعض اوقات اپنے شوہر کو صراطِ مستقیم کی راہ دکھائی، وہاں اپنے بچوں کی تربیت بھی اس دعا اور اس کوشش سے کی کہ وہ بھی حق کے راہی بن گئے، اور اگر کہیں ان کی کوششیں بوجوہ رنگ نہ لاسکیں تو بھی ان کا اجر ان شاء اللہ کوشش کرنے کے نتیجے میں محفوظ و مامون ہوگا۔

ہم خواتین پر یہ سید مودودیؒ کا احسان نہیں تو کیا ہے کہ انھوں نے اس دور میں ہمیں ہمارا بھولا ہوا سبق یاد کروا دیا، ہم گم کردہ راہ کو دوبارہ صراطِ مستقیم کی راہ دکھا دی!

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

Pakistan's First ISO 9001 + 14001
Printing & Packaging Company

# FINE PACKAGES

**Lahore - Faisalabad**




**Group Office:** National Tiles Building
1-Saint Mary's Park, Gulberg III, Lahore, Pakistan.
Tel # (92-42) 5851636 Fax: 5851635
Mob: 0333-4315511. info@finepackages.com
**Lahore:** Sunder-Raiwind Road (2 Km Mull Chowk)
Tel # (042) 111-61-62-63 Fax # Ext: 116
**Faisalabad:** 20-C, Small Industries Estate,
Sargodha Road, Faisalabad.
Tel # (041) 111-61-62-63 Fax # Ext: 116
**Islamabad:** Plot # 83, Street # 23, F-10/2
Tel # (051) 111-61-62-63 Fax # 2293305
**www.finepackages.com**

لوکل و ایکسپورٹ مارکیٹ
کے لیے یکساں اعلیٰ معیار

## فائن پیکجز

پیکنگ کی دنیا میں اعتماد کی بات
جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ

3Brothers Group

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# افریقہ میں سید مودودیؒ کی فکری رہنمائی

حافظ محمد ادریس ○

مولانا مودودیؒ کا کارنامہ ہمہ پہلو' ہمہ جہت اور جامع ہے۔ آپ کا اصل کام فکری رہنمائی اور قلم و قرطاس کا صحیح استعمال ہے۔ جہادِ قلم' زبان اور سیف سبھی سے کیا جاتا ہے۔ دیرپا اثرات قلمی جہاد ہی کے ہوتے ہیں' جو سید مودودیؒ کی اصل پہچان ہے۔

مولانا مودودیؒ کی تمام تصانیف' موثر' دل و دماغ کو اپیل کرنے والی' اور ایک مخلص داعیِ حق کا دردِ دل لیے ہوئے ہیں۔ ان کتابوں نے بلاشبہہ لاکھوں انسانوں کی زندگیوں کو تبدیل کیا ہے۔ ہر علاقے اور ہر زبان سے تعلّق رکھنے والے غیر مسلم ان کی تحریریں پڑھ کر اسلام سے روشناس ہوئے۔ اسی طرح مولانا مودودیؒ کی کتب کے مطالعے کی بدولت خود بے شمار مسلمانوں کی زندگیوں میں انقلاب برپا ہوا۔ ان سطور میں چند واقعات براعظم افریقہ کے تناظر میں پیش خدمت ہیں۔

● **افریقہ میں کچھ تجربات :** ۱۹۷۴ء کے آغاز میں مجھے اسلامک فاؤنڈیشن' نیروبی میں خدمات سرانجام دینے کے لیے کینیا جانے کا اتفاق ہوا' اور ۱۲ برس تک وہاں رہا۔ اس دوران عموماً سال میں ایک یا دو مرتبہ مجھے پاکستان آنے کا موقع ملتا تھا۔ ۱۹۷۸ء تک ہر مرتبہ واپسی پر میں مولانا محترم کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا۔ وہاں سے رہنمائی کے لیے کبھی کبھار خطوط بھی ارسال کیے جاتے تھے۔ مولانا مرحوم' افریقہ کے بارے میں اس قدر معلومات رکھتے تھے کہ

---

○ ڈپٹی ڈائرکٹر' ادارہ معارف اسلامی' منصورہ' لاہور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


حیرانی ہوتی، حالانکہ مولانا نے افریقہ کا کبھی دورہ نہ کیا تھا۔

میں نے حبشہ کے ظالم شہنشاہ ہیل سلاسی کا تختہ اُلٹے جانے کے بعد اس کے مظالم کا تذکرہ کیا تو مولانا نے فرمایا: ''ہیل سلاسی بڑا ظالم اور متعصب عیسائی تھا۔ اس کے دل میں اسلام سے شدید بغض وعناد تھا، مگر نئے آنے والے کمیونسٹ فوجی افسران، مسلمانوں پر اس سے بھی زیادہ ظلم ڈھائیں گے۔ کیونکہ روس نے جہاں کہیں اپنے حامیوں کو کامیاب کرایا ہے، خوف وہراس کی بدترین فضا پیدا کی ہے۔ اس کے باوجود ایک اچھا پہلو یہ ہے کہ اریٹریا کے مسلمانوں کی تحریک اب مضبوط ہو جائے گی، کیونکہ ہیل سلاسی پورے ملک میں اتحاد کا مظہر سمجھا جاتا تھا۔ اس کے لیے پایا جانے والا نام نہاد تقدس موجودہ فوجی حکمرانوں کو حاصل نہ ہوگا''۔ یہ بات مولانا مودودیؒ نے اکتوبر ۱۹۷۵ء کو فرمائی تھی۔ کس قدر درست تجزیہ اور کتنی سچی پیش بینی تھی۔ ۱۹۹۳ء میں مسلم علاقہ اریٹریا حبشہ کی غلامی سے آزاد ہوگیا۔

۱۹۷۸ء میں مجھے اچانک اپنی والدہ مرحومہ کی شدید بیماری کی وجہ سے پاکستان آنا پڑا تو مولانا سے ملاقات ہوئی۔ یوگنڈا کے فوجی ڈکٹیٹر عیدی امین کی حکومت کے خلاف باغیوں نے تنزانیہ کی افواج کے تعاون سے خانہ جنگی شروع کر دی تھی۔ باغی مسلسل پیش رفت کر رہے تھے۔ یوگنڈا میں مسلمان اقلیت میں ہیں۔

مولانا نے اس جنگ کے بارے میں فرمایا: ''عیدی امین کی حماقتوں کا خمیازہ مسلم عوام کو بھگتنا پڑے گا۔ اس کے خلاف جس طرح ساری قوتیں سرگرم عمل ہیں، اس کی شکست اب بالکل نوشتۂ دیوار ہے۔ اسے تو کہیں نہ کہیں پناہ مل جائے گی مگر عام مسلمانوں پر سخت عذاب آ جائے گا''۔ جولیس نیریرے (صدر تنزانیہ) کے بارے میں فرمایا: ''وہ زنجبار کی مسلم حیثیت اور اسلامی تشخص کو ختم کرنے کا پہلے ہی مجرم ہے، اب یوگنڈا میں بھی ایک تنگ دل عیسائی مشنری کی طرح اسلام کی بیخ کنی کرے گا''۔ اس کے پانچ چھ ماہ بعد اپریل ۱۹۷۹ء میں یوگنڈا پر باغیوں کا قبضہ ہوگیا۔ عیدی امین کو تو سعودی عرب میں سیاسی پناہ مل گئی، مگر مسلمان آبادی ظلم کا نشانہ بنی۔

ایک مرتبہ میں نے مولانا کی خدمت میں افریقی مسلم معاشرے کی اس خرابی کا تذکرہ کیا کہ وہاں شادی کا تقدس تقریباً ختم ہو چکا ہے۔ اس قدر طلاقیں واقع ہوتی ہیں کہ کثیر تعداد میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مطلقہ جوڑوں کے بچے بے یارومددگار ہوکر عیسائی مشنریوں کے ہتھے چڑھ جاتے ہیں۔ اس پر مولانا نے فرمایا: ''عربوں کے ہاں سے بہت ساری اچھی اور بری چیزیں افریقہ میں بھی پہنچی ہیں۔ نکاح کا تقدس اور طلاق حلال ہونے کے باوجود ابغض قرار پانے کا موضوع دھندلا گیا ہے۔ اسے اجاگر کرنے کے لیے اسلام کی بنیادی تعلیمات کو عام کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے علاوہ کتاب حقوق الزوجین کا سواحلی ترجمہ کروا کر اسے عام پھیلانے سے بھی مفید نتائج برآمد ہوسکتے ہیں''۔

پہلی مرتبہ جب میں کینیا پہنچا تو معلوم ہوا کہ چودھری غلام محمد مرحوم و مغفور نے افریقہ اور بالخصوص افریقہ کے مشرقی حصّے میں تحریک کے لیے بہت کام کیا ہے۔ یہاں چودھری صاحب مرحوم کے ساتھ ان شخصیات کا تذکرہ بھی ضروری ہے جو افریقہ میں ان کے دست و بازو بن کر میدانِ عمل میں سینہ سپر رہے۔ ان میں محمد بشیر دیوان مرحوم، عبدالحلیم بٹ مرحوم، محمد شفیع میر مرحوم، ڈاکٹر محمد سعید مرحوم، ضیاء الدین سومرو مرحوم، خلیل ملک مرحوم، جناب پروفیسر خورشید احمد، جناب راؤ محمد اختر، جناب عبدالرحمٰن بزمی، جناب حاجی محمد لقمان اور افریقی آبادی میں سے کینیا کے پہلے چیف قاضی شیخ محمد قاسم مزروعی مرحوم، دوسرے چیف قاضی شیخ عبداللہ صالح فارسی مرحوم، شیخ زبیدی مرحوم، ممبر پارلیمنٹ عثمان ورارو مرحوم، ممبر پارلیمنٹ ورارو (یوسف) کانجا وغیرہ اس قافلے میں شامل رہے۔ سب سے اہم کام سواحلی اور لوگنڈی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ ہے۔ سواحلی زبان میں تو قرآن مجید کا ترجمہ اس وقت تک ہوچکا تھا، مگر لوگنڈی زبان میں ابھی ترجمہ زیرِتکمیل تھا۔ اللہ کا شکر ہے کہ سواحلی زبان میں ترجمہ قرآن Qurani Takatifu کو بڑے پیمانے پر سواحلی علاقوں میں پہنچانے کا کام اسلامک فاؤنڈیشن نیروبی نے بطریق احسن انجام دیا۔ اس کام میں کچھ خدمات سرانجام دینے کی سعادت مجھے بھی حاصل ہوئی۔

- **مقدمہ تفہیم القرآن:** سواحلی زبان میں قرآن مجید کے مترجم، شیخ عبداللہ صالح فارسی، کینیا کے چیف قاضی تھے۔ موصوف نے سواحلی زبان میں قرآن مجید کا فصیح و بلیغ ترجمہ کیا تھا۔ وہ مولانا مودودیؒ کی شخصیت سے بے حد متاثر تھے۔ بہت بڑے شاعر، ادیب، مبلغ، خطیب محدث اور فقیہہ ہونے کے ساتھ ساتھ وہ مجلسی آدمی تھے۔ اپنی مجلس میں لوگوں کو وعظ و تذکیر کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ساتھ اپنی خوش گوار گفتگو کے ذریعے ماحول کو بڑا لطیف رکھتے تھے۔ مجلس میں مولانا مودودیؒ کا تذکرہ جب بھی آجاتا تو انتہائی سنجیدہ ہوجاتے اور بعض اوقات مولانا مودودیؒ کی علمی کاوشوں اور جدوجہد کے تذکرے سے ان کی آنکھیں اشکبار ہوجاتیں۔ مولانا کی وفات پر انھوں نے عربی میں ایک مرثیہ بھی لکھا تھا جو پاکستان کے اُردو اخبارات ورسائل میں چھپا تھا۔ تفہیم القرآن کا مقدمہ شیخ عبداللہ صالح فارسی نے اپنے ترجمہ قرآن کے شروع میں بطور خاص ترجمہ کر کے شائع کیا۔ وہ فرمایا کرتے تھے: ''ساری زندگی قرآن مجید کے پڑھنے، پڑھانے اور سمجھنے سمجھانے میں صرف کی، مگر اس تحریر کو دیکھ کر پتا چلا کہ قرآن کو سمجھنے اور اس کو آگے پہنچانے کا طریقہ کیا ہے''۔

سواحلی زبان میں قرآن پاک کے ترجمے کی مقبولیت تفہیم القرآن کی طرح قابلِ رشک ہے۔ اس ترجمے سے قبل قادیانیوں نے سواحلی میں قرآن کا ترجمہ کرایا تھا۔ جب یہ درست اور مفید ترجمہ چھپا تو اسلامک فاؤنڈیشن نے اعلان کردیا کہ: ''جس کسی شخص کے پاس قادیانی ترجمہ ہو وہ فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر قرآن ہاؤس میں جمع کرا کے شیخ عبداللہ صالح فارسی کا مستند اور اسلامی ترجمہ حاصل کرلے''۔ اس اعلان کے بعد بے شمار لوگوں نے قادیانیوں کا ترجمہ جمع کروایا اور درست ترجمہ حاصل کرلیا۔

- **صومالی علما**: میرے ایک صومالی نژاد دوست عثمان عبدی شوریا، نیروبی یونی ورسٹی میں طالب علم تھے۔ کینیا کے شمال مشرقی مسلم اکثریتی صوبے سے ان کا تعلق تھا۔ یونی ورسٹی کی طلبہ تنظیم کے عہدے دار اور مخلص مسلمان نوجوان تھے۔ انھوں نے بتایا: ''مولانا کا مقدمہ تفہیم القرآن صومالی علما کے ہاں اس قدر مقبول ہے کہ کئی صومالی علما جو سواحلی زبان سے نابلد ہیں، اس کا عربی ترجمہ حاصل کر کے اسے اپنی مجالس میں طلبہ کو صومالی میں پڑھاتے ہیں''۔

- **لوگنڈی**: لوگنڈی، یوگنڈا کی سرکاری اور عوامی زبان ہے۔ اس زبان میں بھی مشنری عیسائیوں اور قادیانیوں نے ترجمہ کر رکھا تھا۔ اکتوبر ۱۹۷۵ء میں، میں نے مولانا مرحوم سے ملاقات کی تو آپ نے حسب توقع افریقہ کے کام کے بارے میں رپورٹ طلب فرمائی۔ میں نے دیگر امور کے علاوہ لوگنڈی زبان میں قرآن مجید کے ترجمے کی بات بھی کی اور اس خواہش کا اظہار کیا کہ ہمیں تفہیم القرآن ہی کا براہِ راست ترجمہ کروانا چاہیے۔ اس پر مولانا نے فرمایا

© rasailojaraid.com